# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو (6416) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایڈ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- سیرت کا مفہوم اور تعارف کراتے ہوئے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلّم از علامہ شبلی نعمانی پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال 2- آواز دوست کے مضامین 'مینار پاکستان' اور 'قحط الرجال' کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال 3- رپورتاژ اردو ادب کی جدید صنف ہے۔ تبصرہ کریں۔ (20)

سوال 4- کتاب میں موجود مرزا اسد اللہ خاں غالب کا تعارف کا غور سے مطالعہ کریں اور اہم نکات اپنے الفاظ میں قلم بند کریں۔ (20)

سوال 5- مولانا الطاف حسین حالی کا تفصیلی تعارف کرائیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- ڈراما انارکلی از امتیاز علی تاج کا فنی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 2- طنز و مزاح کا مفہوم وضاحت سے بیان کریں۔ (20)

سوال 3- مشتاق یوسفی کی مزاح نگاری پر بحث کریں۔ (20)

سوال 4- علامہ اقبال کی نظم خضر راہ کا تعارف اور پس منظر بیان کریں۔ (20)

سوال 5- فیض کی نظم نگاری پر جامع تبصرہ کریں۔ (20)